تبصرے

صفوی عہد میں علم التشریح کا مطالعہ :

از حکیم سید ظل الرحمٰن صاحب ریڈر حکیم اجمل خاں طبیہ کالج، مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ
تقطیع متوسط، ضخامت ۹۶ صفحات، کتابت و طباعت معمولی، قیمت مجلد -/15
پتہ : تجارہ ہاؤس، دودھ پور، علی گڑھ۔

حکیم صاحب فن طب کے نامور محقق، مصنف اور مؤرخ ہیں۔ آپ کی متعدد کتابیں شائع ہو کر ارباب علم و فضل سے خراج تحسین حاصل کر چکی اور ان میں مقبول ہو چکی ہیں، ان میں ایک کتاب "تاریخ علم تشریح" بھی ہے جس میں تیرہویں صدی قبل مسیح سے لے کر موجودہ زمانے کے اطبائے ہند کی تشریحی خدمات کا تذکرہ، تفصیل اور تحقیق سے تاریخی تسلسل کے ساتھ کیا گیا ہے، لیکن اس کتاب میں پندرہویں صدی کے بعد کا دور جو خالص ایرانی دور ہے اس پر کچھ اس لئے نہیں لکھا گیا تھا کہ اپنی اہمیت کے باعث یہ ایک مستقل تالیف کا خواہاں تھا، زیر تبصرہ کتاب جو دراصل عہد حاضر کے نامور مؤرخ طب ڈاکٹر سائرل الگوڈ (Cyril Elgood) کی کتاب "عہد صفوی میں سرجری" (Safavid Surgeons) کے ایک باب کا جو تشریح سے متعلق ہے، ترجمہ ہے، اسی کتاب کا تکملہ اور تتمہ ہے، فاضل مترجم نے صرف ترجمہ پر اکتفا نہیں کیا ہے بلکہ "تنقیدات" کے نام سے ترجمہ پر بکثرت حواشی بھی لکھے ہیں جن میں اگر مصنف سے کوئی غلطی ہو گئی ہے تو اس کی تصحیح اور اگر کوئی بات تشنہ یا مجمل رہ گئی ہے تو اس کی تشریح